Roll No. ....

Total No. of Questions — 7]

[Total No. of Printed Pages — 4

11T1KJ8

1501

URDU

PAPER — First Term

Maximum Marks — 45

Time Allowed — 2½ Hours

Note : In case of failures/re-appear cases and fresh private candidates; i.e. candidates appearing for the first time after having passed Secondary School Examination, marks secured out of 45 shall be raised proportionately as if obtained out of 75.

۱۔ مضمون اور مُصنف کا حوالہ دے کر درج ذیل اقتباسات میں سے صرف ایک اقتباس کو آسان اردو میں لکھیے۔ ۵

(الف) ”اگر چہ میں نے پرانی روایتوں، ریتوں اور رسموں کو چھوڑ دیا ہے میں چاہتا ہوں کہ ہندوستان ان تمام زنجیروں کو توڑے، جن میں وہ جکڑا ہوا ہے جو اس کو آگے بڑھنے سے روکتی ہے اور دیش میں رہنے والوں میں پھوٹ ڈالتی ہیں جو بہت سے لوگوں کے لئے بوجھ بنی ہوئی ہیں اور ان کے پھولنے پھلنے میں رکاوٹ ڈالتی ہیں اگر چہ میں یہ سب چاہتا ہوں پھر بھی میں یہ نہیں چاہتا کہ اپنے کو پرانی باتوں سے بالکل الگ کرلوں۔ مجھے اپنے اس عظیم ورثے پر فخر ہے، جو ہمارا رہا ہے اور ہمارا ہی ہے۔“

(ب) مرزا صاحب میری اس تقریر کے دوران میں کچھ اس بے پروائی سے سگریٹ پیتے رہے کہ دوستوں کی بے پروائی پر رونے کو دل چاہ رہا تھا۔ میں نے از حد حقارت اور نفرت کے ساتھ منہ ان کی طرف سے پھیر لیا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ مرزا کو میری باتوں پر یقین ہی نہیں آتا۔ گویا میں اپنی جو تکالیف بیان کر رہا ہوں۔ وہ محض خیالی ہیں یعنی میرا پیدل چلنے کے خلاف شکایت کرنا قابل توجہ ہی نہیں یعنی میں کسی سواری کا مستحق ہی نہیں۔“

P.T.O.

۲۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کی حالاتِ زندگی تحریر کیجیے: ۵

(۱) مرزا اسد اللہ خان غالب

(۲) فرحت اللہ بیگ

۔ یا ۔

درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے:

(۱) گلی ڈنڈا

(۲) ایک کہانی

۳۔ درج ذیل اشعار میں سے صرف دو کی تشریح بحوالہ شاعر کیجیے: ۵

(۱) عشق کو حوصلہ ہے شرط ورنہ
بات کا کس کو ڈھب نہیں آتا

(۲) موسیٰ کو تیرے حکم سے دریا نے راہ دی
فرعون کو تو نے غرق کیا رودِ نیل کا

(۳) موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

(۴) نزدیک آ چکی ہے سواری بہار کی
برگِ خزاں رسیدہ گلستاں سے دور ہوں

۴۔ درج ذیل منظومات میں سے کسی ایک کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے: ۵

(۱) قومی گیت

(۲) مکافاتِ عمل

۵۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے: ۱۰

(۱) ناداں دوست سے عقلمند دشمن بہتر ہے

(۲) موبائیل فون کرشمہ سائنس کا

(۳) اخبار بینی کے فوائد

(۴) کھیلوں کی اہمیت

(۵) میرا پسندیدہ شاعر

۶۔ درج ذیل اصناف ادب میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھئے: ۵

(۱) افسانہ

(۲) طنز و مزاح

(۳) مقالہ

- یا -

مندرجہ ذیل اصطلاحات میں سے صرف دو کی تعریف کیجئے۔ اور مثالیں بھی دیجئے:

(۱) تشبیہ

(۲) طرفین تشبیہ

(۳) حروف تشبیہ

۷۔ مندرجہ ذیل سوالات کا صرف ایک درست جواب لکھئے: ۱۰

(۱) مرزا غالب کو کس صنفِ سخن میں کمال حاصل تھا؟

(مرثیہ / غزل / رباعی)

(۲) نظم "مکافاتِ عمل" کس شاعر نے لکھی ہے؟

(حالی / اکبرالہ آبادی / نظیراکبرآبادی)

(۳) حالی کو شمس العلماً کا خطاب کب ملا؟

(۱۹۰۳ء / ۱۹۰۴ء / ۱۹۰۵ء)

(۴) "گلی ڈنڈا" کس صنفِ ادب سے تعلق رکھتا ہے؟

(سفرنامہ / انشائیہ / افسانہ)

(۵) "ہندوستان کی دریافت" کس ادیب کی مشہور تصنیف ہے؟

(پریم چند / نہرو / پطرس)

(۶) نظیراکبرآبادی کا اصلی نام کیا ہے؟

(ولی محمد / علی محمد / نظیراحمد)

(۷) کس شاعر کو "مُصَوِّرِ غم" کے نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

(ظفر / میر / میردرد)

(۸) غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں؟

(مقطع / مطلع / حسن مطلع)

(۹) اقبال کس جگہ مدفن ہے؟

(سیالکوٹ / لاہور / کراچی)

(۱۰) آتش کا تعلق کس دبستانِ شاعری کے ساتھ تھا؟

(دہلی / لکھنو / عظیم آباد)